15/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُن

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے قومی پلیٹ فارم پر بہترین کارکردگی دکھانے والے جموں کشمیر کے نوجوانوں کو مبارک باد پیش کی ہے ۔وہ جمونمیں 29 ویں نیشنل یوتھ فسٹیول وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ میں شرکت کرنے والے نوجوانوں سے مخاطب تھے ۔

نوجوان لیڈروں کے اس مذاکرے میں چار نوجوانوں کو وزیر اعظم نریندر مودی کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا موقع ملا ۔ ٹیم جموں کشمیر کے ہمراہ محکمہ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کی کمشنر سیکریٹری انو رادھا گپتا اور دیگر عہدیداران بھی تھے ۔

ملاقات

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے کل راجوری میں دسویں ویٹرنز ڈے کے سلسلے میں منعقد ہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق فوجیوں ، ویر ناریوں اور ان کے اہل خانہ کو خراج تحسین پیش کیا ۔

........Byte........

دریں اثناءچیف الیکٹورل آفیسر سنجیو ورما نے ایل جی سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ 16 واں نیشنل ووٹرس ڈے منانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا ۔

ستیش شرما

میں نمایاں کار کردگی دکھانے والے جموں Beach Games 2026 کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے کھیلو انڈیا کے تحت کشمیر کے میڈل یافتہ کھلاڑیوں کی عزت افزائی کی ہے ۔

غور طلب ہے کہ جموں کشمیر کے کھلاڑیوں نے مجموعی طور پر سونے کے دو ،چاندی کے دو اور کانسے کا ایک تمغہ جیت لیا ہے ۔ وزیر موصوف نے ان کھیلوں میں شامل ہونے والے ایتھلیٹوں ، ان کے کوچز اور دیگر عملے کو زبردست محنت کے لئے سراہا ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سول اور پولیس انتظامیہ کے سینئر افسروں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ میں آنے والے یوم جمہوریہ کے سلسلے میں تیاریوں اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا ۔ انہوں نے ساتھ ہی نئی دلی کے کرتویہ پتھ میں منعقد ہونے والی جشنِ جمہور کی قومی تقریب میں حصہ لینے کے لئے جموں کشمیر کی جھانکی کو روانہ کیا ۔

اسی دوران چیف سیکریٹری نے سوشل سکیورٹی سکیموں کے اثرات زمینی سطح پر نمایاں کرنے کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے متعلقہ محکموں اور جموں کشمیر بنک کو ہدایت دی ہے کہ وہ سبھی اضلاع میں ان سکیموں کا صد فیصد احاطہ یقینی بنانے کے لئے اپنے عزم کی تجدید کریں ۔

فہرست

ایک اہم پیش رفت کے تحت جموں کشمیر نے // چھوٹی ریاستوں ، شمال مشرقی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں // برآمدات سے متعلق تیاری کے 2024 کے انڈیکس میں دوسرا مقام حاصل کیا ہے ۔

یہ فہرست نیتی آیوگ کی طرف سے جاری کی گئی ہے جس میں جموں کشمیر نے 51 اعشاریہ صفر آٹھ پوائنٹس کے ساتھ ایک قائدانہ مقام حاصل کیا ہے ۔

EPI 2022 کے 17 ویں مقام کے مقابلے میں زبردست پیش رفت کا عکاس ہے ۔ جموں کشمیر کے لئے یہ درجہ

تعلیم

محکمہ سکولی تعلیم میں کئے گئے اصلاحات اور سرکار کی کوششوں کا ثمرہ کل ظاہر کئے گئے دسویں اور بارہویں جماعت کے نتائج میں صاف ظاہر ہو گیا ہے ۔

ایک سرکاری پریس ریلیز کے مطابق جموں کشمیر میں بارہویں جماعت میں پہلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والے 483 طالب علموں میں سے 425 طالب علم سرکاری سکولوں میں زیر تعلیم تھے ۔

اسی طرح سے دسویں جماعت کے امتحانات میں شامل ہوئے طالب علموں میں پاس ہونے والوں کی شرح 84 فیصد سے زائد رہی ہے ۔

ورکشاپ

کے موضوع "BloodLetting Procedures" یونانی میڈیسن سے متعلق ریجنل ریسرچ انسٹیچوٹ سرینگر کی طرف سے Excellence سے تین روزہ ورکشاپ اختتام پذیر ہوگیا ہے ۔ یہ ورکشاپ آیوش کی مرکزی وزارت کے تعاون سے سینٹر آف کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا ۔

کی ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر اِرفت آرا اور دیگر RRIUM اس موقعہ پر کشمیر یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر نصیر اقبال ، ماہرین نے صلاحیت سازی کے اس پروگرام میں اپنے ماہرانہ خیالات کا اظہار کیا ۔

ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی3 اعشاریہ 9ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 اعشاریہ 4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ